Under the program, each trainee will also receive a monthly stipend of Rs. 50,000. The meeting was informed that the training of the first batch of 300 young engineers will formally commence on January 1, 2026.

Chief Minister Bugti emphasized the urgent need for well-trained engineers equipped with modern skills and professional expertise to strengthen the province's development infrastructure.

He said that providing young engineers with practical experience and opportunities to demonstrate their capabilities in the public sector remains a top priority of his government.

He added that the Balochistan government is taking every possible step to enhance the professional capacity of young engineers and provide them with strong institutional support.

Reiterating his commitment to merit and transparency, the Chief Minister said that training opportunities will be offered fairly to ensure youth play an active and effective role in the province's development process.

Chief Minister Bugti noted that the provincial government is implementing integrated measures to align the engineering sector with international standards while promoting human resource development.

He expressed hope that the joint initiative between the Pakistan Engineering Council and the Balochistan government will prove to be a milestone in advancing technical human resource development across the province.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No /

Dated: 28 NOV 2025 Page No. 10

## ٹیکس کلیکشن جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے موثر اقدامات ناگزیر ہیں، شعیب نوشیروانی

[illegible]

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) [illegible]

[illegible] ... دی۔ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان میں ٹیکس کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام رجسٹرڈ سیکٹرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے، تاکہ صوبائی محصولات میں پائیدار اضافہ ممکن بنایا جا سکے۔

## ایکنک کے اجلاس میں بلوچستان کیلئے تین اہم منصوبوں کی منظوری دی گئی، عمرانی

[illegible]

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے گزشتہ روز ان کے دفتر میں مختلف وفود نے ملاقات کی، اس موقع پر صوبائی وزیر نے مختلف علاقائی و سیاسی امور خصوصاً پیر کے روز ایگزیکٹو کمیٹی برائے نیشنل اکنامک کونسل (ECNEC) کے منعقدہ اجلاس کے بارے میں بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ بطور ممبر ایکنک نہ صرف بلوچستان کی جاندار نمائندگی کر رہے ہیں بلکہ ملکی سطح پر نئے اور جاری منصوبوں پر بھی انہیں اعتماد میں لیا جاتا ہے، میر محمد صادق عمرانی نے اس ضمن میں مزید بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایکنک کے اجلاس میں بلوچستان سے متعلق نئے و جاری منصوبوں کی منظوری سمیت دیگر امور پر نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر منصوبہ و ترقیات احسن اقبال و دیگر ممبران نے ہمیشہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لیے مثبت رائے کے ساتھ تمام منصوبوں کی منظوری دی ہے، انہوں نے کہا کہ پیر کے روز ایکنک کے اجلاس میں بلوچستان کے تین اہم منصوبوں کی منظوری دی گئی جس میں بلوچستان واٹر ریسورس ڈیولپمنٹ سیکٹر پروجیکٹ (BWRDSP) کے زیر انتظام اور ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے تعاون سے محکمہ آبپاشی کے اس اہم منصوبہ پر بلوچستان کے دو دریاؤں کے ژوب اور ژوب مولا پر کام کیا جا رہا ہے۔

## خواتین پر تشدد کی نوعیت بدل چکی، اداروں کو تبدیلی کے مطابق ڈھلنا ہوگا

اقوام متحدہ کے اداروں اور صوبائی حکومت کے زیراہتمام تقریب

حکومت بلوچستان آگاہی، تحفظ اور رپورٹنگ کے نظام کو مضبوط بنا رہی ہے، صوبائی وزراء راحیلہ درانی، بخت محمد کاکڑ اور دیگر کا خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خواتین اور لڑکیوں کے خلاف صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے کی 16 روزہ عالمی مہم کے تحت صوبائی حکومت اور اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں کے زیراہتمام مقامی ہوٹل میں سائبر کرائم اور آن لائن ہراسگی کے خلاف خواتین سروس پرووائیڈرز کا کردار، خواتین و لڑکیوں کے خلاف ڈیجیٹل تشدد کا خاتمہ کے عنوان سے تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ڈیجیٹل تحفظ کے حکومتی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اپنے خطاب میں کہا کہ تشدد کی نوعیت بدل چکی ہے متعلقہ اداروں کو بھی اس تبدیلی کے مطابق خود کو ڈھالنا ہوگا، حکومت بلوچستان مضبوط قانون سازی، موثر نفاذ اور بہتر انفراسٹرکچر کی ہم آہنگی کے ذریعے اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ صوبے کی ہر خاتون کی آواز سنی جائے انہیں تحفظ دیا جائے اور ان کی انصاف تک رسائی حاصل ہو۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ خواتین کی زندگی کے ہر شعبے میں مکمل شمولیت اس وقت ممکن ہے جب ان کی حفاظت کی ضمانت دی جائے اور حکومت بلوچستان آگاہی، تحفظ اور رپورٹنگ کے نظام کو مضبوط بنا رہی ہے، ہم کمیونٹی کی بنیاد پر خواتین کے استعداد کار بڑھانے کی ایسی کوششوں کی حمایت کر رہے ہیں جو خواتین کو روایتی اور جدید دونوں طرح کے تشدد سے محفوظ رکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ یو این وومن کی ڈپٹی کنٹری ریپریزنٹیٹو جیکی کیٹونوٹی نے کہا ڈیجیٹل تحفظ اب ثانوی مسئلہ نہیں رہا، یہ خواتین کے حقوق اور آزادی کا بنیادی حصہ ہے، نئی ٹیکنالوجی تب ہی موثر ہوں گی جب وہ پرائیویسی، تحفظ اور احترام کے اصولوں پر مبنی ہوں گی، خواتین نہ صرف آن لائن محفوظ ہوں بلکہ ڈیجیٹل مستقبل کی قیادت بھی کریں۔

MASHRIQ QUETTA

## قلات کو قانونی طریقہ کار کے تحت پاکستان میں شامل کیا گیا' ظہور بلیدی

[illegible]

نام نہاد قوم پرست مستند تاریخی حقائق کو مسخ اور نوجوانوں کو گمراہ کر رہے ہیں' صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ قلات پرنسلی اسٹیٹ میں اس وقت کوئی منظم ریاستی ڈھانچہ موجود نہیں تھا جسے آج کے معنوں میں ایوان زیریں یا ایوان بالا قرار دیا جا سکے البتہ تاریخی طور پر خان آف قلات کے زیر اثر قبائلی سرداروں کا جرگہ موجود تھا، جس نے خان کو اختیار دیا کہ وہ قلات کے مستقبل کے بارے میں حتمی فیصلہ کریں ........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

میر ظہور بلیدی نے بتایا کہ خان آف قلات میر احمد یار خان نے اپنی آٹو بائیوگرافی میں واضح طور پر درج کیا ہے کہ انہوں نے قانونی اور آئینی طریقہ کار کے تحت قلات کو پاکستان میں شامل کیا۔ علاوہ ازیں، مکران، خاران اور لسبیلہ کے نوابوں نے بھی رضاکارانہ طور پر کراچی جا کر بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح سے ملاقات کی اور پاکستان کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کیا۔ صوبائی وزیر نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کے نام نہاد قوم پرست رہنما، ان مستند تاریخی حقائق کو مسخ کر کے نوجوانوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ وہ خود پاکستان کی پارلیمان اور اسمبلیوں میں بیٹھ کر انقلابی تقاریر کرتے ہیں، جبکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو تشدد اور ریاست مخالف راستوں کی طرف راغب کرتے ہیں تاکہ مردہ باد اور زندہ باد قوم پرستی کی سیاست زندہ رہے میر ظہور بلیدی نے زور دیا کہ نوجوانوں کو مستند تاریخی حقائق سے آگاہ کیا جائے اور انہیں تشدد اور غیر آئینی اقدامات کی بجائے تعلیم، امن اور ترقی کے راستے پر رہنمائی فراہم کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## حکومت تعلیمی اداروں کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے' لیاقت لہڑی

[illegible]

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے جمعرات کے روز گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج سریاب کا مختصر دورہ کیا، جہاں کالج انتظامیہ نے انہیں ادارے کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا انتظامیہ کے مطابق کالج کو پانی، بجلی، گیس اور دیگر بنیادی سہولیات کی شدید کمی کا سامنا ہے، جو تعلیمی سرگرمیوں میں رکاوٹ ........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کا باعث بن رہی ہیں۔ میر لیاقت لہڑی نے انتظامیہ کی بریفنگ کے بعد فوری مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے تعلیمی اداروں کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ تعلیم کسی بھی ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے، اور حکومت کا مقصد ہے کہ بلوچستان کے طلبہ بھی بہترین سہولیات سے مستفید ہوں۔

## ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائیں، امیر حمزہ زہری

**عوامی مسائل کے حل کیلئے میونسپل کمیٹیوں کا اجلاس ناگزیر ہے، صوبائی مشیر بلدیات**

گرانٹ ان ایڈ منظور منصوبوں کی تکمیل میں رکاوٹ یا غفلت برداشت نہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ میر امیر حمزہ زہری کی زیر صدارت گرانٹ ان ایڈ مالی سال 2024-25ء کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالروف بلوچ، ڈائریکٹر جنرل محمد ایوب قریشی، سیکرٹری بلوچستان لوکل بورڈ شجاعت علی ......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

سمیت محکمہ بلدیات کے اعلیٰ افسران، صوبے بھر کی میونسپل کمیٹیوں، ڈسٹرکٹ کونسلز اور میٹروپولیٹن کارپوریشنز کے چیف افسران نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ محکمہ بلدیات صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے انہوں نے ہدایت کی کہ وہ تمام اسکیمیں جو تعطل کا شکار ہیں، انہیں فوری طور پر مکمل کی جائیں، جبکہ میونسپل کمیٹیوں کے اجلاس بلاتاخیر منعقد کیے جائیں تاکہ عوامی مسائل کے حل کیلئے موثر حکمت عملی تشکیل دی جا سکے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ گرانٹ ان ایڈ 2024-25ء کے تحت منظور شدہ منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی رکاوٹ یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کی رفتار کو مزید تیز کرتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔

## عوام کی صحت اور زندگیوں کو بہتر بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں، وزیر صحت

**اپنے لوگوں کے لیے ایک صحت مند اور خوشحال بلوچستان کا خواب دیکھتے ہوئے مسلسل محنت کر رہے ہیں، بات چیت**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوام کی صحت اور زندگیوں کو بہتر بنانا ان کی اولین ترجیح ہے اور اسی مقصد کے لئے حکومت بھرپور اقدامات کر رہی ہے حکومت بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لیے کام کر رہی ہے، تاکہ ہر فرد کو معیاری طبی سہولتیں فراہم کی جاسکیں صحت کے نظام میں اصلاحات کے لیے ضروری ہے کہ ہم جدید سہولتیں فراہم کریں اور ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی تربیت پر خصوصی توجہ دیں تاکہ مریضوں کو بہترین علاج مل سکے، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ حکومت نے صوبے کے مختلف ہسپتالوں میں جدید مشینری کی فراہمی اور طبی سہولتوں میں اضافے کے لیے پراجیکٹس کا آغاز کیا ہے، خاص طور پر بلوچستان کے دور دراز علاقے جن میں صحت کی سہولتوں کی کمی تھی، وہاں موبائل ہیلتھ یونٹس متعارف کرائے جا رہے ہیں تاکہ دور دراز کے گاؤں میں رہنے والے افراد کو بھی فوری طبی امداد مل سکے انہوں نے کہا کہ صحت کا شعبہ ہماری حکومت کے لیے پہلی ترجیح ہے اور ہم اسے بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں گے صوبے میں عوامی سطح پر صحت کی سہولتوں کی فراہمی اور ان میں بہتری لانے کے لیے حکومت پیپلز پارٹی کی منشور کے مطابق کام کر رہی ہے، تاکہ بلوچستان کے عوام کو صحت کے شعبے میں درپیش مسائل کا جلد از جلد حل نکالا جا سکے حکومت نے صوبے کے تمام ہسپتالوں میں جدید ٹیکنالوجی اور تربیت یافتہ عملے کی فراہمی کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں، ہم اپنے لوگوں کے لیے ایک صحت مند اور خوشحال بلوچستان کا خواب دیکھتے ہیں، اور اس کی تکمیل کے لیے ہم مسلسل محنت کر رہے ہیں وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعاون کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ صحت کے شعبے میں ان کی مکمل حمایت اور رہنمائی حاصل ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## خواتین پر تشدد سے معاشرہ کبھی آگے نہیں بڑھ سکتا، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

**عورت کا غیر محفوظ ہونا عدم توازن غیر یقینی اور عدم استحکام کو جنم دیتا ہے، صوبائی مشیر کا بیان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ خواتین پر تشدد نہ صرف انفرادی زندگی کو متاثر کرتا ہے بلکہ یہ پورے معاشرے کی فکری، سماجی اور اخلاقی صحت کو بھی کمزور کر دیتا ہے انہوں نے کہا کہ عورت کو درپیش مسائل صرف جسمانی تشدد تک محدود نہیں ہوتے بلکہ یہ رویوں، بول چال، ماحول، مواقع اور طاقت کے توازن تک پھیلے ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ جب عورت اپنے گھر، کام کی جگہ یا عوامی مقام پر خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتی تو یہ صرف اس کی ذات کا نقصان نہیں ہوتا بلکہ یہ معاشرے میں عدم توازن، غیر یقینی اور عدم استحکام کو جنم دیتا ہے جو معاشرہ جو اپنے آدھے حصے کو خوف، جبر یا معاشی بے بسی میں جکڑ دے وہ کبھی آگے نہیں بڑھ سکتا۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 28 NOV 2025 Page No. 12

MASHRIQ QUETTA

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

# حکومت عوامی فلاح و بہبود کیلئے ترقیاتی اسکیموں پر کام کر رہی ہے، چیف سیکرٹری

**انتظامیہ و اداروں کو اپنی کوششیں مزید تیز کرنی چاہئیں تاکہ ہر شہری کو مطمئن زندگی گزارنے کے مواقع میسر ہوں، شکیل قادر خان**

**سرکاری نرخوں پر اشیاء خورد ونوش کی فروخت کو یقینی بنایا جائے، کمشنرز و ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں محکمہ صحت اور تعلیم میں عارضی بنیادوں پر اساتذہ و پیرا میڈیکل سٹاف کی تعیناتی، اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں کنٹرول، پلاسٹک بیگز پر پابندی، کھلی کچہریوں کے ذریعے سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لئے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے مختلف ترقیاتی اسکیمیں اور سہولتیں فراہم کر رہی ہیں تاکہ لوگوں کا معیار زندگی بہتر ......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بنایا جا سکے۔ انتظامیہ اور اداروں کو اپنی کوششیں مزید تیز کرنی چاہئیں تاکہ ہر شہری کو بہتر اور مطمئن زندگی گزارنے کے مواقع میسر ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تیسرے مرحلے کیلئے محکمہ تعلیم اور صحت میں خالی آسامیوں پر شفاف تعیناتی کو یقینی بنایا جائے ماحولیاتی تحفظ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پلاسٹک بیگز پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، اور شہریوں کو ماحول دوست تھیلوں کے استعمال کی ترغیب دی جا رہی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 28 NOV 2025 Page No. 15


# تمام سیکورٹی چیلنجز کا مؤثر حل نکالا جائے، کمشنر قلات کی ہدایت

**بی ایریا کی تبدیلی ایک سنگ میل ثابت ہوسکتی ہے، بشرطیکہ اس پر مرحلہ وار عملدرآمد کیا جائے، طفیل احمد بلوچ کی بات چیت**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار بی ایریا کی تبدیلی اور امن وامان پر ڈی آئی جی قلات رینج اور کمشنر قلات ڈویژن کی اہم ملاقات، ایس ایس پی خضدار کی بھی شریک اور ڈی آئی جی قلات رینج وزیر خان ناصر نے کمشنر قلات ڈویژن طفیل احمد بلوچ سے خضدار میں اہم ملاقات کی جس میں قلات ڈویژن خصوصاً ضلع خضدار میں امن وامان کی صورتحال بی ایریا کو اے ایریا میں تبدیل کرنے کا عمل اور دیگر سیکیورٹی و انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر قلات ڈویژن طفیل احمد بلوچ نے کہا ہے کہ پولیس اور سول انتظامیہ کے درمیان مکمل ہم آہنگی سے امن قائم ہوا ہے بی ایریا کی تبدیلی ایک بڑا فیصلہ ہے جسے سنجیدگی سے نافذ کیا جائے گا ڈویژنل اور ضلعی سطح پر انتظامیہ کی کوشش ہے کہ تمام سیکورٹی چیلنجز کا موثر حل نکالا جائے اس سلسلے میں بی ایریا کی تبدیلی ایک سنگ میل ثابت ہو سکتی ہے، بشرطیکہ اس پر مرحلہ وار عملدرآمد کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی آئی جی قلات رینج وزیر خان ناصر ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس سے ملاقات میں کیا اس موقع پر ڈی آئی جی قلات رینج وزیر خان ناصر نے کہا کہ بی ایریا کو اے ایریا میں تبدیل کرنے سے سیکیورٹی صورتحال میں بہتری کی توقع ہے مگر اس کے نفاذ کے لیے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں پولیس فورس کو بہتر سہولیات اور مقامی سطح پر تعاون کے بغیر یہ عمل مکمل نہیں ہوسکتا دونوں اعلیٰ افسران نے اس بات پر اتفاق کیا کہ موجودہ حالات میں ضلعی سطح پر سول اور پولیس انتظامیہ کے درمیان قریبی تعاون اور مؤثر رابطے وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ عوام کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 28 NOV 2025 Page No 17


## حب: 188 کلوگرام چرس برآمد

حب (نامہ نگار) پاکستان کسٹمز گڈانی نے منشیات کی اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنادی گاڑی کے اندر چھپائی گئی 188 کلوگرام چرس برآمد کرلی جس کی مارکیٹ مالیت کا تخمینہ 20 کروڑ روپے ہے گاڑی کے ساتھ آنے والے فرد کو فوری طور پر تحویل میں لے لیا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## اوستہ محمد گنداخہ پولیس کی کارروائی، روپوش گرفتار

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد گنداخہ پولیس کی کامیاب کارروائی روپوش ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ گنداخہ انسپکٹر ظہیر عباس جمالی نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے عبدالرزاق ولد علی حیدر قوم جمالی ساکن میروخان، سندھ کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کو قانونی کارروائی مکمل کرتے ہوئے حوالات بند کردیا

## خضدار پولیس کی کارروائی بین الصوبائی اسمگلرز گرفتار بھاری مقدار میں منشیات برآمد

خضدار (آن لائن) ایس ایچ او اورناچ کی کامیاب کارروائی بین الصوبائی اسمگلرز گرفتار بھاری مقدار میں منشیات برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کے حکم پر منشیات کے خلاف مہم میں ڈی ایس پی وڈھ سرکل محمد زمان چندرانی کی زیر نگرانی ایس ایچ او اورناچ فیض محمد موسیانی، شکیل احمد نے ٹیم کے ہمرا کاسلیٹی ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی اسمگلر رشید احمد کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے دس کلو چرس برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

INTEKHAB QUETTA

# پنجگور، 154.15 ملین ڈالر مارکیٹ کی منشیات برآمد، بین الاقوامی گروہ کے دو کارندے گرفتار

**منشیات اسمگلر علی جان کا گروہ گیس کنٹینر کے ذریعے 553.5 کلوگرام آئس اور 40 کلوگرام ہیروئن اسمگل کررہا تھا، اے این ایف**

اسلام آباد (اے پی پی) اینٹی نارکوٹکس فورس اے این ایف نے پنجگور میں منشیات سمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنادی۔ اے این ایف نے انٹیلی جنس بنیاد پر کارروائی کے دوران منظم سمگلنگ نیٹ ورک کے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 154.15 ملین ڈالر مالیت کی منشیات برآمد کرلی۔ اے این ایف پنجگور میں بین الاقوامی ڈرگ ٹریفکنگ تنظیم کی مسلسل نگرانی کر رہی تھی۔ اے این ایف ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے گیس کنٹینر کو ایم 8 گوادر سی پیک روڈ پر روک کر تلاشی لی اور اس دوران 553.5 کلوگرام آئس اور 40 کلوگرام ہیروئن قبضے میں لے لی۔ قبضے میں لی گئی منشیات کی قیمت انٹرنیشنل مارکیٹ میں 154.15 ملین ڈالر ہے، منظم سمگلنگ نیٹ ورک کے 2 کارندے بھی گرفتار، مقدمات درج کرلئے گئے۔ بدنام زمانہ سمگلر علی جان کی سربراہی میں یہ گروہ افغانستان سے منشیات کو پنجگور سے تربت، گوادر اور پسنی کے راستے سمگل کرتا تھا۔ یہ گروہ بھاری منشیات کو یمن، تنزانیہ اور دیگر ممالک تک سپیڈ بوٹس اور چھوٹی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 5 پر

کشتیوں کے ذریعے سمگل کرتا تھا۔ منشیات کو ایل پی جی گیس کنٹینر ٹرک میں چھپا کر پنجگور سے گوادر اور پھر بیرون ملک سمگل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا تھا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ت اعلیٰ تعلقات عامہ
کومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 NOV 2025

Page N


## دالبندین میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ، آنکھ مچولی کا سلسلہ جاری

دالبندین (آن لائن) چاغی کے صدر مقام دالبندین میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ اور بار بار کی آنکھ مچولی سے گھریلو صارفین سمیت کاروبار تباہ ہو چکا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چاغی کے صدر مقام دالبندین اور گردونواح کے فیڈرز پر گزشتہ ایک سے دو ہفتوں سے بجلی کی آنکھ مچولی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث صارفین شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ کیسکو حکام اپنی مرضی سے بجلی کو آن آف کرتے ہیں اور گھنٹوں تک بجلی بند کر کے چند گھنٹے فراہم کرتے ہیں، اس دوران بھی آنکھ مچولی جاری رہنے سے عوام اور صارفین انتہائی عاجز آ چکے ہیں۔ متعدد گھریلو صارفین کے الیکٹرانک آلات بار بار کی آنکھ مچولی کے باعث خراب ہو چکے ہیں۔ صارفین اور تاجر برادری نے مطالبہ کیا ہے کہ شیڈول کے مطابق بجلی فراہم کی جائے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA 28 NOV 2025

Bullet No. 6 No. 19

## تمام اضلاع سے مریضوں کا علاج کیلئے کوئٹہ کا رخ!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ بڑی اہمیت کا حامل صوبہ ہے۔ جس طرح باقی شعبوں کا مین آفس اور دیگر ادارے کوئٹہ میں قائم ہیں اسی طرح یہاں چند ایک بڑے سرکاری ہسپتال بھی ہیں جن کا صوبے کے تمام اضلاع کے مریض کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں۔ اس طرح وہ بڑی امیدیں لے کر آتے ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ یہاں کے سرکاری ہسپتالوں میں سہولتوں کا فقدان ہونے کے باعث اکثر علاج ومعالجہ میں محروم رہ جاتے ہیں جو کہ ایک بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے۔

گذشتہ روز گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے سمنگلی روڈ پر واقع کڈنی ہسپتال اور زرہ ٹاؤن میں واقع دارالشفاء امام خمینی کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع سے مریض کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں۔ کوئٹہ شہر کے تمام سرکاری ہسپتالوں پر بھی بھاری بوجھ بھی ہے۔ بدقسمتی سے پچاس سال گزرنے کے باوجود ہم صوبائی دارالحکومت میں کوئی جدید ہسپتال نہ بنا سکے آج بھی مریضوں کی ایک بڑی تعداد علاج کے لیے کراچی جانے پر مجبور ہے۔ جس سے مریضوں کی زندگیاں بھی خطرے میں پڑ جاتی ہیں اور بعض مریض تو راستے میں ہی دم توڑ لیتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ حکومت اس حل طلب مسئلے کو حل کرنے کے لیے فوری ایکشن لے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ لوگوں کو اپنے ہی صوبے میں معیاری علاج ومعالجے کی سہولیات میسر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی قونصل جنرل کے تعاون سے چار ڈائیلاسز مشینوں کی فراہم سے کڈنی ہسپتال مجموعی معیار کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے صوبے کے تمام مخیر حضرات پر زور دیا کہ وہ اپنے صوبے کے عوام کی معاونت کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کا مذکورہ بیان صوبے کی عوام کے مفاد میں ہے۔ کیونکہ عوام کو واقعی میں علاج ومعالجے کے لیے تکالیف اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جن کی کئی وجوہات ہیں جن کا ذکر اس سے قبل بھی ان ہی سطور میں متعدد بار کیا جا چکا ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ محکمہ صحت عوام کے مسائل حل کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ان کو سرکاری ہسپتالوں میں ادویات پراپر نہیں ملتیں ٹیسٹوں کے کروانے میں بھی مشکلات درپیش ہیں جو اکثر باہر سے کروانے پڑتے ہیں۔ او پی ڈی کے دورانیہ کم ہونے کے باعث مریضوں کی اکثریت جن سے اکثر کا تعلق دور دراز علاقوں سے ہوتا ہے لیکن وہ بغیر چیک اپ کرائے واپس چلے جاتے ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت بلوچستان کو محکمہ صحت میں اصلاحات لانے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں جن میں مریضوں کا پراپر علاج شامل ہے۔ اگر حکومت کوئی نیا جدید ہسپتال نہیں بنا سکتی تو موجودہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو تمام سہولیات فراہم کرے۔ تاکہ مریض علاج کے لیے دوسرے شہروں کا رخ نہ کریں۔ اس سلسلے میں مخیر حضرات کو بھی صحت کی سہولتوں کی فراہمی کے لیے صوبے کے عوام کی معاونت کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا چاہیئے۔

# Balochistan 2.0

The future is not something that just happens to us. It is something we build. artificial intelligence (AI) and digital change are the building blocks of that future. For Balochistan, this is our moment. Let us not fear the dawn, but step forward to meet it. Our prosperity, our health, and our children's future depend on the choices we make today. Change is coming to the world at a dizzying pace. At the heart of this change are AI and digital technology. For Balochistan, this is not a distant trend. It is an inevitable and powerful force. The question is not if it will arrive, but how we will choose to meet it. We can see this shift like the arrival of the internet or mobile phones. At first, they were luxuries. Now, they are essentials. AI and digital tools are becoming the new essentials for progress. To ignore them is to risk being left behind in a world that is rapidly moving forward. Balochistan is rich in resources, from its coastlines to its minerals. Yet, we face real challenges. AI can help us tackle these in ways we never could before. Imagine using satellites and AI to find water underground, preventing droughts from destroying crops. Picture smart systems managing our precious water resources, ensuring every drop counts.

In healthcare, the impact could be life-saving. Patients in remote villages could get a first diagnosis through a smartphone. AI could help doctors analyze medical scans with incredible accuracy. This bridges the vast distances that have long kept quality care out of reach for so many. For Balochistan's students, digital learning shatters the walls of the classroom. A child in Kech Turbat could access the same lessons as a child in Lahore. AI tutors can provide personalized help, making education more engaging and effective. This is the key to empowering our next generation. The global economy is now digital. Our young people are full of potential. We must give them the tools to compete. They can learn to code, manage digital marketing for local businesses, or provide IT support to companies anywhere in the world. This creates jobs that are not tied to a specific location. Balochistan's farmers and fishermen can also benefit. They can use weather forecasts and market prices on their phones to get the best value for their goods. They can connect directly with buyers, cutting out the middlemen. This puts

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 28 NOV 2025 Page No. 21

# بلوچستان میں زمین کے تنازعات اور انتظامی مسائل

تحریر: وحید اللہ

بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، لیکن زمین کے نظم ونسق کے حوالے سے یہ سب سے زیادہ پیچیدہ خطہ بھی سمجھا جاتا ہے۔ یہاں زمین سے متعلق مسائل محض انتظامی نہیں بلکہ تاریخی، قبائلی، معاشرتی اور سیاسی نوعیت رکھتے ہیں۔ صدیوں سے چلنے والی روایات اور جدید حکومتی ڈھانچے کے درمیان ٹکراؤ نے ایسے تنازعات کو جنم دیا ہے جو صوبے میں ترقیاتی منصوبوں، ملکی سرمایہ کاری اور امن و امان کی صورتحال پر براہ راست اثر انداز ہوتے ہیں۔

بلوچستان کے زمینی تنازعات کی بنیادی وجہ زمین کے ریکارڈ کی عدم تکمیل اور غیر وضاحت ہے۔ صوبے کے بیشتر علاقوں میں زمین کی ملکیت زبانی گواہی، قبائلی فیصلوں اور صدیوں پرانی روایات کے تحت چلتی رہی ہے۔ تحریری ریکارڈ نہ ہونے کے باعث ایک ہی زمین پر متعدد افراد یا قبائل ملکیت کا دعویٰ کر دیتے ہیں۔ کئی علاقوں میں تو یہ بات بھی واضح نہیں کہ زمین نجی ہے، قبائلی ہے یا سرکاری، جس سے تنازعات مزید پیچیدہ ہو جاتے ہیں۔

ایک اہم مسئلہ سروے اور حد بندی کا غیر مکمل ہونا ہے۔ بلوچستان کے وسیع اور دشوار گزار علاقوں میں جدید سروے کا عمل انتہائی سست رہا ہے۔ پرانی نقشہ بندی اور نئے زمینی حقائق میں فرق ہونے کے باعث مقامی افراد اور ریاستی اداروں میں اختلاف بڑھ جاتا ہے۔ حد بندی کی درستگی کے بغیر نہ ملکیت ثابت ہو سکتی ہے نہ ہی زمین کا کوئی منصوبہ شفاف طریقے سے عمل میں لایا جا سکتا ہے۔

مزید برآں، انتقالات اور رجسٹریشن کا ناقص نظام بھی تنازعات کا سبب ہے۔ دور دراز علاقوں میں ریونیو دفاتر تک رسائی مشکل ہونے کے باعث اکثر لوگ زبانی خرید وفروخت پر انحصار کرتے ہیں۔ یہ طریقہ بعد میں قانونی طور پر قابلِ قبول نہیں رہتا، جس کے باعث دوہری ملکیت کے دعوے، جعلی دستاویزات اور قبضہ کے مقدمات جنم لیتے ہیں۔

ایک اور سنگین مسئلہ سرکاری اراضی پر قبضے اور غیر قانونی تعمیرات ہیں۔ کئی علاقوں میں افراد نے برسوں کی رہائش یا قبائلی استعمال کی بنیاد پر سرکاری زمین پر اپنے حقوق جتائے ہوئے ہیں۔ انتظامیہ جب یہ زمین واگزار کرانے کی کوشش کرتی ہے تو شدید مزاحمت، سیاسی دباؤ اور ریکارڈ کی غیر وضاحت عمل کو مشکل بنا دیتی ہے۔

ترقیاتی منصوبوں کی راہ میں رکاوٹیں بھی زمین کے تنازعات کی اہم وجہ ہیں۔ جب حکومت معدنیات، شاہراہوں یا توانائی کے منصوبوں کے لیے زمین حاصل کرنا چاہتی ہے تو مقامی کمیونٹیز اکثر نامکمل ریکارڈ، معاوضے پر عدم اعتماد اور تاریخی حقوق کے خدشات کی بنا پر مخالفت کرتی ہیں۔ نتیجتاً کئی منصوبے تعطل کا شکار ہو جاتے ہیں۔

اگر بلوچستان میں زمین کے مسائل کو حل کرنا ہے تو ضروری ہے کہ زمین کا ریکارڈ جدید بنیادوں پر مکمل کیا جائے، حد بندی کو واضح کیا جائے، قبائلی نمائندوں کو اعتماد میں لیا جائے اور شفاف، قابلِ اعتماد نظام تیار کیا جائے۔ صوبے کی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب زمینی تنازعات کو مستقل اور باہمی تعاون سے حل کیا جائے۔